**SET-4**

**Series BVM/C**

کوڈ نمبر **Code No. 30**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **11** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **11** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

وقت :۳ گھنٹے

کل نمبر:۱۰۰

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 100*

1۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے ۔ 10

(الف)

"کلیم الدین احمد بے حد باقاعدہ انسان تھے، اردو بورڈ کی لغت کا دفتر ان کے گھر پر تھا، جس میں بہت سے لوگ کام کرتے تھے ۔ ان کے آفس میں دنیا بھر کی سیکڑوں ڈکشنریاں اور ڈکشنری سازی کا ہر قسم کا ساز و سامان تھا۔ مشین کی طرح کام کرتے تھے ۔ دفتری اوقات میں ملاقاتی گفتگو تقریباً نہیں کے برابر ہوتی ۔ کلیم صاحب کے مزاج میں مروّت اور دریا دلی بہت تھی ۔ تنقید کے مزاج میں وہ جتنے گرم تھے، روزمرّہ کی زندگی میں اتنے ہی نرم تھے ۔ ہمیشہ سلوک کرنے کے لیے تیار رہتے ۔ میں نے ڈرتے ڈرتے دو ایک سفارشیں ان سے کی تھیں مجھے حیرت ہوئی کہ انھوں نے وہ کام بڑی خوش اسلوبی سے نہ صرف کر دیا بلکہ مجھے خط لکھ کر اس کی اطلاع بھی دے دی ۔

مجھے ان کے طریقۂ تنقید خاص طور پر اقبال کے سلسلے میں قطعی اختلاف ہے مگر اس کے باوجود اس کا تعلقات پر کبھی کوئی اثر نہ پڑا ۔"

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) کلیم الدین احمد کون تھے؟ اور وہ کس طرح کام کرتے تھے؟

(iii) کلیم الدین کے گھر پر کس کا دفتر تھا اور کیوں بنایا گیا تھا ؟

(iv) کلیم الدین احمد کے مزاج کی کیا خوبیاں تھیں ؟

(v) مصنف اور کلیم الدین کے درمیان کس سلسلے میں اختلاف تھا؟
کیا اس کا اثر ان کے تعلقات پر پڑا؟

(ب)

”1937 کی گرمیوں کے شروع میں پنجاب کسان کمیٹی کا سالانہ اجلاس امرتسر میں ہونا قرار پایا۔صوبۂ متّحدہ کی کسان سبھا کے کارکنوں کی حیثیت سے ڈاکٹر اشرف کو اور مجھے اس کانفرنس میں شرکت کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔ہم دونوں اس کے آرزومند بھی تھے۔اس لیے کہ پنجاب کی کسان تحریک ہمارے صوبے کی کسان تحریک سے زیادہ مضبوط تھی اور ہم چاہتے تھے کہ اپنی آنکھوں سے پنجاب کے جری اور آزادی خواہ کسان عوام کو ہزاروں کی تعداد میں ایک جگہ جمع دیکھیں۔ان کے اتحاد، طاقت، اور انقلابی جذبے کا ذاتی تجربہ کریں، اور اس طرح خود اپنے انقلابی شعور کو وسعت دیں۔اس کے چند دنوں بعد مجھے اطلاع ملی کہ اس موقع پر پنجاب کے ترقی پسند مصنفین نے بھی امرتسر میں اپنی کانفرنس کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔انھوں نے مجھے لکھا کہ چونکہ یہ ان کی پہلی کانفرنس ہے، جس کے بعد لاہور اور امرتسر کے علاوہ دوسرے مقامات پر بھی انجمن کی شاخیں قائم ہونے کی امید کی جاتی ہے، اس لیے انجمن کے کل ہند جنرل سیکریٹری کی حثیت سے میری شرکت اس کانفرنس میں ضروری ہے۔۔“

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) انجمن کی شاخیں کہاں کہاں قائم ہونے کی امید تھی؟

(iii) سالانہ اجلاس کب اور کہاں ہونا طے پایا؟

(iv) مصنف کو کیا اطلاع ملی ؟

(v) مصنف اپنی آنکھوں سے کیا اور کیوں دیکھنا چاہتا تھا ؟

**2۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (۱۰۰) الفاظ میں لکھیے۔ 5

(i) افسانہ ''بجوکا'' میں ہوری کے کردار پر تبصرہ کیجیے۔

(ii) احتشام حسین نے خوجی کی کیا خصوصیات بتائی ہیں؟ لکھیے۔

**3۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 10

(i) خوجی کے جذبۂ وفاداری کے بارے میں مصنف کی کیا رائے ہے؟

(ii) گم نام پہاڑی کے گیسٹ ہاؤس میں سیاح کیوں آتے تھے؟ افسانہ فوٹو گرافر کی روشنی میں لکھیے۔

(iii) جنگِ آزادی کی تاریخ میں جلیانوالہ باغ کی کیا اہمیت ہے؟ روشنائی کی روشنی میں لکھیے۔

(iv) خواجہ حسن نظامی نے مچھروں کے کس عمل کو شوخیانہ ریمارک قرار دیا ہے ؟

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

(الف)

ہوگا افسردہ ستاروں میں کوئی نالۂ صبح
غنچہ و گل میں کہیں بادِ سحر بھی ہوگی

ہاتھ سے کس نے ساغر پٹکا موسم کی بے کیفی پر
اتنا برسا ٹوٹ کے پانی ڈوب چلا مے خانہ بھی

منزلِ عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

جب لگیں زخم تو قاتل کو دعا دی جائے
ہے یہی رسم تو یہ رسم اٹھا دی جائے

وہ ٹوٹتے ہوئے رشتوں کا حسنِ آخر تھا
کہ چپ سی لگ گئی دونوں کو بات کرتے ہوئے

(i) افسردہ ستاروں میں نالۂ صبح ہونے کا مطلب کیا ہے؟

(ii) موسم کی بے کیفی پر کیا ہوا ؟

(iii) گردِ سفر سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

(iv) چوتھے شعر میں شاعر نے کیا کہا ہے ؟

(v) ٹوٹے ہوئے رشتوں کا حسنِ آخر سے شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

## (ب)

ہر حال میں مشیّت مجھ کو بنا رہی ہے

میں اس کی قدرتوں کا شہکار بن رہا ہوں

خود اپنی جنتوں کی تخلیق کر رہا ہوں

خود اپنی زندگی کا معمار بن رہا ہوں

یہ جبر و قدر کی اک منزل ہے درمیانہ

مجبور تو ہوں لیکن مختار بن رہا ہوں

یہ راہ وہ ہے جس میں ہر سانس اِک سفر ہے

منزل بھی راستہ ہے لغزش بھی راہبر ہے

(i) یہ اشعار کس نظم کے ہیں ؟ اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(ii) ان اشعار میں الفاظ 'میں، مجھ اور خود' کس کے لیے استعمال کیے گئے ہیں ؟

(iii) اپنی جنتوں کی تخلیق کرنے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) تیسرے شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(v) 'یہ راہ وہ ہے جس میں ہر سانس اِک سفر ہے'
اس مصرعے میں راہ سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

5۔ درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب سو (۱۰۰) الفاظ میں لکھیے۔ 5

(i) نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے۔

(ii) جاں نثار اختر کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجیے۔

6۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 10

(i) 'گل رنگ دریچوں' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(ii) نظم 'روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے' کا مرکزی خیال لکھیے۔

(iii) ''الٰہی شام اب اس گانو میں نہ آنے پائے''، نظم ''یادنگر'' کے اس بند میں نظم کا کردار شام سے کیوں خوف زدہ معلوم ہوتا ہے؟

(iv) علی سردار جعفری کی نظم نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

7۔ درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 4

(i) افسانہ ''کلرک کی موت'' کے ذریعے چیخوف نے کیا پیغام دینے کی کوشش کی ہے؟

(ii) پطرس بخاری کی انشائیہ نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

8۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 6

(i) ناول 'بیوہ' کے اہم کرداروں کی روشنی میں پریم چند کی کردار نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) افسانہ ''جنم دن'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

(iii) ڈراما ''یہودی کی لڑکی'' کے اہم کرداروں پر تبصرہ کیجیے ۔

(iv) جزیزرے کے کنارے اور پل کے ساتھ غروبِ آفتاب کے جو مناظر نرمل ورما نے پیش کیے ہیں۔ ان پر تبصرہ کیجیے۔؟

**9۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیے۔ *2X10=20*

(i) اُردو زبان کے آغاز وارتقا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

(ii) دلّی کالج کی ادبی خدمات پر ایک نوٹ لکھیے۔

(iii) ترقی پسند تحریک پر مضمون لکھیے۔

(iv) دبستانِ لکھنؤ کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

**10۔** درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے *3X5=15*

(i) رومانی تحریک پر نوٹ لکھیے۔

(ii) افسانہ کی تعریف بیان کیجیے۔

(iii) معین احسن جذبی کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

(iv) دہلی کے دبستان شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

11۔ درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے۔ 5X1=5

(i) اُس آباد خرابے میں، کِس کی آپ بیتی ہے ؟

(a) بلونت سنگھ

(b) اخترالایمان

(c) قرۃالعین حیدر

(ii) سریندر پرکاش کا افسانہ ہے

(a) لمحے

(b) میں وہ

(c) بجوکا

(iii) ''کھوجی۔۔۔۔ایک مطالعہ'' ہے

(a) افسانہ

(b) تنقیدی مضمون

(c) ناول

(iv) ملک بے سحر وشام کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(a) نظم

(b) غزل

(c) طویل نظم

(v) ''مرحوم کی یادیں'' کا مصنف کون ہے؟

(a) سجاد ظہیر

(b) پطرس بخاری

(c) خواجہ حسن نظامی